© rasailojaraid.com



(پتہ کی جگہ)

NATIONAL MUSLIM U...
جامعہ ملیہ اسلامیہ
دہلی
DELHI.

# روح اخبارات

تازہ عربی ڈاک کی اطلاع مظہر ہے کہ نجد و یمن کی جنگ کا خاتمہ ہوگیا ہے۔ امام یحییٰ نے اعلیٰ حضرت شاہ ابن سعود اور اسلامی و یمنی وفد کے نام برقی پیغام بھیجکر اپنے عزم بالجزم کا یقین دلایا ہے کہ وہ تمام سعودی شرطیں منظور کر چکے ہیں اور انہیں ضرور نافذ بھی کر دیں گے بلکہ انہیں نافذ کرنا شروع کر دیا ہے۔ رہ گیا ادریسیوں کا معاملہ تو امام یحییٰ نے بتاکید لکھا ہے کہ انہوں نے صنعا کے گورنر کو انہیں حکومت کے سپرد کر دینے کا حکم دیدیا ہے۔ نیز یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ سلطان ابن سعود نے امام یحییٰ سے دس لاکھ پونڈ تاوان جنگ بھی طلب کیا ہے۔

یہ خبر تمام دنیائے اسلام میں انتہائی مسرت کے ساتھ سنی جا رہی ہے کہ مسلمانوں کی دو عظیم الشان سلطنتوں یعنی ترکی و ایران کے درمیان اتحاد و مودت کے تعلقات روز بروز گہرے ہو رہے ہیں۔ شاہ ایران رضا شاہ غازی مصطفےٰ کمال پاشا کی ملاقات کے لئے ترکی کا سفر اختیار فرما رہے ہیں۔ آپ کا یہ دورہ اٹھارہ دن میں ختم ہوگا۔

امیر غازی شاہ عراق نے فیصلہ کیا ہے کہ اسلامی ممالک کے بادشاہوں اور حکمرانوں کو وقتاً فوقتاً یک جا جمع ہو کر اسلامی مسائل پر تبادلہ خیالات کا موقعہ دیا جائے اس فیصلے کو عملی صورت دینے کے لئے شاہ عراق نے تمام اسلامی ممالک کے سفرا کو دعوت دے کر ان سے تبادلہ خیالات کیا ہے۔

حیدرآباد ۱۴ جون۔ مدینہ منورہ میں پارچہ بافی و دستی صنعت قائم کرنے کیلئے حیدرآباد میں اچھا خاصا کام کیا جا رہا ہے جس کے لئے ملک کے اکثر ممتاز افراد چندہ جمع کر رہے ہیں۔ اس تحریک کے بانی الحاج نواب سر نظامت جنگ بہادر و الحاج ڈاکٹر خواجہ معین الدین صاحب ہیں۔

جنوبی افریقہ میں مسلمانوں کی تعداد ساڑھے بارہ لاکھ ہے۔ یہ تعداد تخمینی ہے کیونکہ جنوبی افریقہ میں ایسے بکثرت مسلمان آباد ہیں جن کے خاندان میں عیسائی نام باقی ہیں۔

امسال ہر جگہ غضب کی گرمی پڑ رہی ہے۔ یوپی کے بعض مقامات میں درجۂ حرارت ۱۲۱ تک ہوچکا ہے۔ لوگ پاگل ہو رہے ہیں دہلی میں بھی شدید گرمی پڑنے لگی ہے۔ درجۂ حرارت ۱۱۲ تک پہونچ چکا ہے۔ لُو برابر چل رہی ہے۔

(عابد حسین سکرٹری دار المطالعہ و متعلم رحمانیہ) ۱۸ جون

جناب شیخ عطاء الرحمٰن صاحب پروپرائیٹر و پبلشر نے جید برقی پریس بلیماران دہلی میں چھپوا کر دار الحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔

© rasailojaraid.com